V. Good

رنجیت موویٹون کا تیار کردہ بہترین و نایاب شاہکار

[illegible]

سٹوری دکھائے

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :- نوتن ۔ شیاما ۔ بلراج ۔ ساجن ۔ وغیرہ وغیرہ

سٹوری

لالہ ہرچرن داس اسّی روپیہ ماہوار کے ایک کلرک تھے۔ بیوی کے علاوہ اُن کے تین بچے تھے۔ بڑا لڑکا راج بے کاری اور بے روزگاری کی وجہ سے دُنیا سے متنفر ہو چکا تھا۔ منجھلی بیٹی پارو کو عرصہ سے تپ دق کی شکایت تھی۔ اور سب سے چھوٹا لڑکا ابھی آٹھویں سال میں تھا۔ یہ کنبہ اسّی روپیہ ماہانہ تنخواہ میں بہت پتی تُلی گذر اوقات کر رہا تھا۔ کہ اچانک بیٹی کی صحت زیادہ خراب ہو گئی۔ اور ڈاکٹر کے مشورہ سے باقاعدہ علاج کی ضرورت پڑ گئی۔

علاج جو شروع ہُوا۔ تو گھر میں فاقے شروع ہو گئے۔ مفلسی بقول شخصے۔ دُنیا کی سب سے بڑی اور بنیادی بیماری ہے۔ اِس کا زہر جو پھیلا تو ذہنوں پر بھی اثر ہوا۔ خیالوں پہ بھی۔ پارو اور راج کی بے لاگ اور معصوم محبتوں پہ بھی۔ پارو اپنے محبوب سے بچھڑ گئی۔

آگے پردۂ فلم پر ملاحظہ فرمائیے۔

گانے ہم لوگ کے لئے

منبر

چھن چھن چھن باجے پائل موری - آجا چوری چوری
میری گلی میں آنا - کر کے کوئی بہانہ
پیار کا دیپ جلا کے - دل کا محل چمکا نا
آجا چندا تیرے - ڈالوں تیرے گلے
بیتاں گوری گوری - آجا ...
من میں پیہا بولے - پیو پیو پیو رس گھولے
پیا پیا پیا سنگ ہولے - جیا جیا جیا مورا ڈولے
اجی ایسا ہو سنگ - تو ہو میری پتنگ
میں ہوں ڈوری تیری - آجا چوری چوری

آنند بابو ...

نمبر ۲

اپنی نظر سے اُنکی نظر تک ایک فسانہ ایک زمانہ
جسمیں ہوں آپ جیسے لیے زمانے میں اپنے دل کو کون ٹھکانہ
اُن کی جفا میں میٹھی دوا ہے
زہر ہے لیکن کتنا مزا ہے

جینے کے ہوتے ہیں لاکھ بہانے
مرنے کا ہے بس ایک بہانہ۔ اپنی۔۔۔
دُور ہی دُور سے دِل میں سمائیں
مِل نہیں آئے تو سپنوں میں آئیں
کام ہے اُن کا پاس نہ آنا۔ کام ہمارا پریت نبھانا
اپنی نظر سے۔۔۔۔۔۔
دِل جو لیا ہے درد ہی دیں گے
اِس کے سوا وہ کچھ نہ کریں گے
ہوتا ہے دل تو ہونے دو اُس کو
تیر نظر کا یوں ہی نشانہ۔ اپنی نظر سے۔۔۔۔
پارو:۔ نمبر ۳

چلی جا چلی جا چھوڑ کے دُنیا
آہوں کی دُنیا غموں کی دُنیا
یہاں کوئی نہیں اپنا۔ نہ گھر اپنا نہ در اپنا
دلاسہ بھی بہانہ ہے۔ بستانے کا رُلانے کا۔ چلی جا۔۔۔۔
ستم جھیلیں اُٹھائیں غم۔ رہیں آنکھیں سدا پُر نم
گلہ کس سے کریں جا کر۔ مقدر کا زمانے کا۔ چلی جا۔۔۔۔
جئیں تو گھٹ کے مر جائیں۔ مریں تو ہم کدھر جائیں۔

ملا اچھا صلہ ہم کو۔ تیری دُنیا میں آنے کا۔ چلی جا ....

نغمے پھالی:- **نمبر ۴**

بہت بُرا ہے حال تیرے مجبور کا۔ کب ٹوٹے گا بلم فاصلہ دُور کا
میں تڑپوں تُو دن ہائے۔ چین نہ آئے۔ جیا ہے جاری
دِل میں آگ لگائے بیدیا گاری
پیا ساورے دیا ہے مجھکو بدلہ کون قصور کا۔ کب ٹوٹے ....
اُٹھاؤں کب تک غم کا بھار۔ بُرا سنسار۔ نہ جانے جینا
بہتی ہے دن رات آنکھ کی مینا
دِل کا سوداگر بوسم نہیں غرور کا۔ کب ٹوٹے بلم ....

آنند بابو:- **نمبر ۵**

دِل کی پریشانیاں۔ عشق کی ویرانیاں
کون سُنے گا میری درد بھری داستاں
دِل کو میرے توڑ کے۔ ساتھ میرا چھوڑ کے
تُو نے تو سب پا لیا۔ میں نے گنوایا جہاں
دِل میں تیری یاد ہے۔ پھر بھی یہ برباد ہے
تُو ہی بتا دے مجھے۔ میں ہوں کہاں تو ہے کہاں۔ دِل کی...
تیری نظر کیا پھری۔ پھر گئی تقدیر بھی
رونے لگی زندگی۔ ہنسنے لگا آسماں۔ دِل کی...

عنبر

لگی۔ لوگی۔ یو۔ یو۔ یو
کہاں چلی کہاں چلی۔ کہاں چلی
میں تو چلی رے چلی رے۔ میں تو چلی بنگال
کہ ہے کلکتہ میں سسرال
ہمارے سیّاں ہیں کوتوال۔ ہمیں ڈر کاہے کا۔
کھلکے جاتی گنگے۔ بڑے مزیدار ہے
مرچی مسالے کے جور کھوب بنے تیار ہیں۔ لوگی۔۔۔
جانے نہ دو بھگوتی۔ ہاں ہاں ری بانکی چھوری
جیب بھی خالی بٹوہ خالی۔ بڑی بنی کلکتہ والی۔ یو۔ یو۔ یو
چھنک چھم چھم چھم۔ دیکھو دیکھو جی بلم۔ میرا دل ہوا گم۔ لگی یوگی۔۔۔۔
جمعدار۔ صوبیدار۔۔۔۔
تیری گوری گوری بانکی پیاری جھون
دیکھ چلا رے چلا رے چلا۔ ہائے میرا من۔ لوگی۔

نغمہ

تیرے سپاہی:۔
بہے انکھیں سے دھار۔ جیا میرا بیقرار
سنو سنو دلدار۔ جاؤ گے کہاں دل توڑ کے
اد ساتھی میری تقدیر کے۔ تمہیں کیسے بتاؤں دل چیر کے
میرا پہلا پہلا پیار۔ میری پہلی پہلی ہار۔ سنو سنو۔۔۔۔۔

میری دُنیا تو ہے برباد ہی۔ لیتے جاؤ تم اپنی یاد بھی
لئے آنسوؤں کے ہار۔ کرے دل تم سے پکار۔ سنو سنو......
جب نظریں کسی کو نہ پائیں گی سو سے رتیاں گذاری نہ جائیں گی
لئے دل میں انتظار۔ کیسے بیتے گی بہار
سنو سنو..........

نمبر ۸
گاتے چلا جا۔ گائے چلا جا
اک دن تیرا بھی زمانہ آئے گا

پکارتا ہے آسماں۔ بدل ہی جائے گا جہاں
بہار آ ہی جائے گی۔ گزر ہی جائیگی خزاں
ستم کے تیر کھائے جا مگر قدم بڑھائے جا
یہی ہے شان زندگی۔ نئے دیئے جلائے جا
گاتے چلا جا.......
زمیں بھی تیرے ساتھ ہے آسماں بھی تیرے ساتھ ہے
جو تُو جہاں کے ساتھ ہے۔ جہاں بھی تیرے ساتھ ہے
یہ ریت ہے جہان کی۔ یہ گیت ہے نصیب کا
امیر کا چکا بہت زمانہ ہے غریب کا
گائے چلا جا.......

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی تمام عمر کا تجربہ ختم کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ چند دنوں میں نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں مشغلے۔ بناسپتی کے قیمتی نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے نیز بکری کرنے کے طریقے درج کئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے:

قیمت صرف -/3 محصولڈاک -/6/-

ملنے کا پتہ:-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی